8 جنوری 2016ء

اسٹیٹ بینک جعلی دستاویزات پر زرِمبادلہ بھجوانے میں ملوث امپورٹرز ربینکوں کے خلاف کارروائی کرے گا

بینک دولت پاکستان نے کمرشل بینکوں کو سختی سے ہدایت کی ہے کہ اوپن اکاؤنٹ پر درآمدات کے ذریعے زرِمبادلہ بیرونِ ملک بھجوانے کی امپورٹرز کی درخواستوں کی مناسب جانچ کریں رسیکورٹی لیں۔اسٹیٹ بینک اوپن اکاؤنٹ پر درآمدات کے لیے تیار کردہ ڈپلیکیٹ رجعلی دستاویزات کے ذریعے زرِمبادلہ کی ترسیل میں ملوث امپورٹرز اور بینکوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کرے گا۔

اسٹیٹ بینک جعلسازی میں ملوث پائے جانے والے امپورٹرز کے خلاف متعلقہ قوانین کے مطابق مناسب کارروائی کر رہا ہے۔مزید یہ کہ بینکنگ کمپنی کی حیثیت سے ان کیسز کے حوالے سے معمول کی احتیاطی تدابیر نہ اختیار کرنے والے بینکوں کے خلاف بھی تادیبی کارروائی کی جائے گی۔

تمام متعلقہ فریقوں کو ان کے اپنے مفاد میں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ دھوکہ دہی پر مبنی ایسی ترسیلات سے باز رہیں، جن میں درآمدات پر ڈپلیکیٹ جعلی دستاویز استعمال کی جائیں۔ایسے تمام کیسز قانون نافذ کرنے والے متعلقہ ادارے کو بھجوا دیے جائیں گے۔

***